
**Al-Mīthāq** ***(Research Journal of Islamic Theology)***
**ISSN:** 2791-0989 (P), 2791-0997 (E)
**Volume** 04, **Issue** 01, January-March 2025, **PP**: 52-60
**Open Access at**: https://almithaqjournal.org/

Article QR



# سیرت کورس از مفتی مصطفیٰ عزیز کے خصائص وامتیازات: تعارفی و تجزیاتی مطالعہ

# *The Distinctive Features and Characteristics of the Sīrah Course by Muftī Muṣṭafā 'Azīz: An Introductory and Analytical Study*

| | |
|---|---|
| **1. Syed Hafiz Daniyal Ahmad**<br>shahdaniyal65@gmail.com | *PhD Scholar,*<br>*Department of Islamic Studies,*<br>*The Islamia University of Bahawalpur.* |
| **2. Dr. Sajila Kousar**<br>sajila.kousar@iub.edu.pk | *Chairperson,*<br>*Department of World Religions and Interfaith Harmony,*<br>*The Islamia University of Bahawalpur.* |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ***How to Cite:*** | Syed Hafiz Daniyal Ahmad and Dr. Sajila Kousar. 2025: "The Distinctive Features and Characteristics of the Sīrah Course by Muftī Muṣṭafā 'Azīz: An Introductory and Analytical Study". Al-*Mīthāq (Research Journal of Islamic Theology)* 4 (01): 52-60. | | |
| ***Article History:*** | **Received**:<br>29-01-2025 | **Accepted**:<br>25-02-2025 | **Published**:<br>08-03-2025 |
| | | | |
|---|---|---|---|
| ***Copyright:*** | **©The Authors** | | |
| ***Licensing:*** | CC BY | This work is licensed under a Creative Commons Attribution 4.0 International License. | |
| | |
|---|---|
| ***Conflict of Interest:*** | Author(s) declared no conflict of interest. |

***Abstract & Indexing***

DRJI · Advanced Sciences Index · ADVANCED SCIENCE INDEX · CiteFactor Academic Scientific Journals · Asian Research Index · SCI · Google Scholar · اشاریہ اردو جرائد · تحقیقات تحقیقاتی اشاریہ · ADL ASIAN DIGITAL LIBRARY · EuroPub

***Publisher***

HIRA INSTITUTE
*of Social Sciences Research & Development*

# سیرت کورس از مفتی مصطفیٰ عزیز کے خصائص وامتیازات: تعارفی و تجزیاتی مطالعہ

# *The Distinctive Features and Characteristics of the Sīrah Course by Muftī Muṣṭafā ‘Azīz: An Introductory and Analytical Study*

1. **Syed Hafiz Daniyal Ahmad**
*PhD Scholar, Department of Islamic Studies, The Islamia University of Bahawalpur.*
shahdaniyal65@gmail.com

2. **Dr. Sajila Kousar**
*Chairperson,*
*Department of World Religions and Interfaith Harmony, The Islamia University of Bahawalpur.*
sajila.kousar@iub.edu.pk

## Abstract

The book "Sīrah Course" compiled by Muftī Muṣṭafā ‘Azīz is a comprehensive curriculum covering various aspects of the Sīrat-e-Ṭayyaba, divided into 30 lessons. This curriculum is organized with teaching and administrative instructions to make the study of the Sīrat-e-Nabvī (ﷺ) easy and effective. The course includes a summary of each lesson, thematic division, and explanatory points, to help readers better understand the important subjects of the Sīrat. The course covers topics such as the religious benefits of the Sīrat-e-Nabvī (ﷺ), routines of life, expeditions, miracles, and daily habits. In addition, the incidents of the Sīrat are presented in an authentic manner with Qur’ānic references. Geographical maps, test exercises, and teaching materials are included for the convenience of students. Two support booklets have also been prepared along with the course. "Khulasa Sīrat Course" the forty-page booklet provides a brief overview of the Sīrat-e-Ṭayyaba. " Sīrat Course Questions and Answers" The different periods of the Sīrat have been arranged in the form of quizzes, which makes it easier for students to prepare for exams. Also, slides decorated with maps and important points have been prepared along with the course, with the help of which the essence of the Sīrat can be presented easily on a projector. In addition, to make the course more accessible and easier to use, a mobile and web application and a learning management system (LMS) have been introduced on the website, with the help of which one can gain knowledge about the Sīrat-e-Ṭayyaba in the form of a certificate course while sitting at home. The main features of the course include presenting the Sīrat in the light of the Qur’ān, providing teaching instructions, and explaining information related to the Sīrat in a concise and comprehensive manner. This course has been included in the curricula of educational institutions and has been translated into different languages, making it popular worldwide.

**Keywords:** *Sīrah Course, Biography, Qur’ān, Curriculum, Education.*

## مفتی مصطفیٰ عزیز: تعارف

مفتی مصطفیٰ عزیز فیصل آباد میں 3 اپریل 1988ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے آبائی علاقے سے ہی حاصل کی۔ حفظ و تجویدِ قرآن دارالعلوم فیصل آباد سے کیا۔ درسِ نظامی جامعۃ الحسنین فیصل آباد، جب کہ جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد سے افتاء کیا۔ آپ قریب ایک دہائی سے خدمتِ دین میں مصروفِ عمل ہیں۔ جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد میں پانچ سال تدریس، مسجد میں امامت و خطابت اور بہت سے عوامی کورسز کروانے کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ آپ کی تصانیف کی تعداد دو درجن سے زائد ہے۔ علاوہ ازیں متعدد موضوعات پر

ویڈیو لیکچرز ریکارڈ کروا چکے ہیں۔ آپ دنیا نیوز سمیت مختلف چینلز میں بہ طور مذہبی اسکالر مدعو ہوتے ہیں۔ آپ سیرۃ انسٹی ٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر کے بانی وڈائریکٹر ہیں۔ آپ نے اپنی زندگی کو نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ کی تعلیم وترویج کے لیے وقف کر رکھا ہے۔ آپ کی زندگی کا نصب العین اس جملے سے بہ خوبی معلوم ہو سکتا ہے: "ایک مسلمان کا اپنا آپ جاننا اتنا ضروری نہیں، جتنا کہ رسول اللہ ﷺ کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔" [1]

## سیرۃ انسٹی ٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر

سیرۃ انسٹیٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر مفتی مصطفی عزیز کی زیرِ سرپرستی اگست 2020ء کو فیصل آباد میں قائم کیا گیا ہے۔[2] یہاں طلبہ کو عصری اور دینی تعلیم سنت کے ماڈل پر دی جاتی ہے اور نوجوانوں کو سیرت اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام کے ذریعے عملی مہارتیں سکھائی جاتی ہیں۔ ادارے کے زیرِ انتظام تعلیم وتربیت کے لیے سنت ماڈل اسکول قائم ہے، جس میں جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ حفظ قرآن کی اہمیت پر زور دیا جاتا ہے۔ اس اسکول میں بچوں کو قرآن پڑھنا، بولنا اور لکھنا سکھایا جاتا ہے، تاکہ وہ قرآن کے ساتھ اپنی زندگی کو منسلک کر سکیں۔ سیرت اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھائے جاتے ہیں، تاکہ وہ معاشی طور پر خود کفیل ہو سکیں۔ اس پروگرام میں ویب ڈیولپمنٹ، موبائل ایپ ڈیولپمنٹ، گرافک ڈیزائننگ اور فری لانسنگ جیسے شعبوں میں مہارت فراہم کی جاتی ہے، تاکہ نوجوانوں کو حلال روزی کمانے کا ذریعہ مل سکے اور وہ اپنی زندگی کو باعزت طریقے سے گزار سکیں۔ ادارے کے زیرِ انتظام تخصص فی السیرۃ، بچوں کے لیے ایک روزہ سیرت، قرآن وسنت ڈپلومہ، ماہانہ ترتیب پر مختلف کورسز، ختمِ نبوت کورس سمیت متعدد کورسز کروائے جا رہے ہیں۔ مجموعی طور پر ادارہ دو درجن سے زائد کورسز کرواتا ہے۔ ادارے کے تحت کئی فلاحی منصوبے جاری ہیں، جنکے ذریعے ضرورت مندوں کو باعزت طریقے سے راشن، موسمی ضروریات، پانی کی سہولیات اور دیگر اشیائے ضروریہ فراہم کی جاتی ہیں۔ خواتین کے لیے ہنر سیکھنے کے مواقع بھی فراہم کیے جاتے ہیں، تاکہ وہ معاشی طور پر خود مختار ہو سکیں۔ یہ نظام نہایت شفاف اور باوقار ہے، جو انسانیت کے درد اور خدمت کے جذبے کو فروغ دیتا ہے۔ ادارے کا ماٹو "سیرۃ ہی تو زندگی ہے" ہے۔[3]

## سیرت کورس

مفتی مصطفیٰ عزیز کا نمایاں کارنامہ سیرت کورس ترتیب دینا ہے۔ اس ضخیم کتاب کا جدید ایڈیشن چھ صد ترانوے (693) صفحات پر مشتمل ہے، جسے سیرۃ انسٹیٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر نے ستمبر 2023ء میں شائع کیا ہے۔ اسے 30 اسباق میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یہ نصاب سیرتِ طیبہ کے اہم پہلوؤں کو مستند حوالہ جات سے تفصیل سے بیان کرتا ہے۔ اس کا مقصد افراد کو سیرتِ طیبہ کی عملی فہم فراہم کرنا ہے۔ اس کورس کی مدد سے ہر شعبہ ہائے زندگی میں مصروف احباب کو مکمل دینی تعلیم اور تعلیماتِ نبوی کے ساتھ ساتھ سیرت رسولِ اکرم ﷺ سے آگاہی ملتی ہے۔ یہ کورس پاکستان کے مختلف تعلیمی اداروں میں نصاب کا حصہ بن چکا ہے۔ اس کورس کا ترجمہ مختلف زبانوں میں کیا جا چکا ہے، اور اس کی تعلیم کا دائرہ نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح تک پھیل چکا ہے۔ کتاب مختلف رنگوں اور مناسب تزئین کے ساتھ طباعت کے بہترین معیار پر پورا اترتی ہے۔ مقالہ ہذا میں اس کتاب کی خصوصیات پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ چناں چہ آئندہ سطور میں اس کتاب کی خصوصیات بیان کی جاتی ہیں۔

### انتظامی وتدریسی ہدایات

سیرت کورس کو پڑھانے کے لیے ہر مرحلے پر باقاعدہ ہدایات کی صورت میں مکمل تدریسی لائحہ عمل فراہم کیا گیا ہے۔

اس لائحہ عمل کی مدد سے کورس کروانے والے معلم کورس کے مؤثر نتائج کے حصول میں مدد ملتی ہے۔ اس تدریسی لائحہ عمل کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

- پہلے حصے میں ابتدائی ہدایات ہیں۔ ان ہدایات میں کورس پڑھانے سے پہلے باقاعدہ اعلان کرنا، دعا، نوافل اور مناسب صدقہ کرنا، تشہیر کرنا، دعوت نامے ارسال کرنا، انفرادی ملاقاتوں سے کلاس ترتیب دینا، مناسب وقت کی تعیین، اختتامی سبق کی تعیین کرنا اور ہفتہ وار چھٹی اور حاضری کے ایام کی تعیین شامل ہیں۔
- دوسرے حصے میں کورس کی دورانی ہدایات ہیں۔ ان ہدایات میں وقت کی پابندی، کورس کے فوائد کا بیان، کورس کی اہمیت اور تعارف، دوست احباب کو دعوتی ترغیب، ہر سبق میں کسی عملی سنت کی تعلیم، فضائل کا بیان، سبق کے ایام میں مناسب اکرام کا اہتمام اور ہر سبق کے بعد درود وسلام کا اہتمام کرنا شامل ہے۔
- تیسرے حصے میں کورس کے بعد کی ہدایات ہیں۔ ان ہدایات میں اختتامی تقریب کا اہتمام، کوئز مقابلے کا انعقاد اور انعامات، شرکا کو اختتامی تقریب میں عمامہ / پگڑی کے اہتمام کی ترغیب، سند (کورس سرٹیفکیٹ) کا اہتمام، آئندہ کورسز کا تعارف اور تحریری و تقریری صورت میں گذشتہ کورس کا فیڈ بیک لینا شامل ہیں۔[4]

## جامع اسباق

سیرت کورس کو تیس (30) اسباق میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یہ اسباق سیرت النبی ﷺ کے قریب قریب تمام پہلوؤں کا احاطہ کیے ہوئے ہیں۔ ان اسباق میں زمانی ترتیب کے اعتبار سے سیرتی واقعات کے ساتھ ساتھ سیرتِ طیبہ ﷺ کے مطالعہ کی اہمیت، آپ ﷺ کے معمولات، ملبوسات وغیرہ بھی شامل ہیں۔

ان اسباق میں سیرت النبی ﷺ کا مطالعہ: دینی فوائد وبرکات، جزیرہ عرب، ولادت کے وقت پیش آنے والے واقعات، خاموش دعوت وتبلیغ، ایذا دینے والے بدبخت اور ان کا انجام، مسلمانوں پر ظلم وستم اور ہجرتِ حبشہ، اسلامِ حمزہ وعمر فاروق رضی اللہ عنہما وشعب ابی طالب کا محاصرہ اور عام الحزن، سفر طائف اور آسمانوں کی سیر، بیعتِ عقبہ اور ہجرتِ مدینہ، ہجرت کا پہلا سال، ہجرت کا دوسرا سال، ہجرت کا دوسرا سال اور غزوہ بدر، غزوہ احد (ہجرت کا تیسرا سال)، ہجرت کا چوتھا سال، ہجرت کا پانچواں سال، ہجرت کا چھٹا سال صلح حدیبیہ اور سلاطین وامراء کو دعوتِ اسلام، ہجرت کا ساتواں سال غزوہ خیبر اور عمرۃ القضاء، ہجرت کا آٹھواں سال اور کفارِ مکہ کی عہد شکنی اور فتح مکہ، فتح مکہ (حصہ دوم) (جنگِ حنین، طائف کا محاصرہ اور عاملوں کا تقرر)، ہجرت کا نواں سال (غزوہ تبوک، اسلام کی نشرواشاعت) اور مختلف وجود کی آمد، ہجرت کا دسواں سال (حجۃ الوداع، لشکرِ اسامہ رضی اللہ عنہ)، معجزاتِ نبی اکرم ﷺ، رسول اللہ ﷺ کا خاندان، رسول اللہ ﷺ کی صورت مبارک، روزمرہ کے عادات وخصائل، ملبوسات اور نبوی تعلیمات، ماکولات ومشروبات اور نبوی تعلیمات، نبی کریم ﷺ کے یومیہ معمولات، رسول اللہ کے دن اور رات کے افکار، نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا کے عنوانات سے تیس (30) اسباق شامل ہیں۔[5]

## موضوعاتی تقسیم

ان تیس (30) اسباق کو ذیلی عنوانات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ذیلی عناوین اس انداز سے ترتیب دیے گئے ہیں کہ موضوع سے متعلقہ تمام چیزیں سما جائیں۔ مثال کے طور پر سبق نمبر اٹھائیس (28) کو خلاصہ سبق، تہجد کے لیے بیداری، نمازِ تہجد، نمازِ تہجد کے بعد / نمازِ فجر، نمازِ فجر کے بعد، طلوعِ آفتاب کے بعد اشراق کے نفل / نبی ﷺ سے یمن وبرکت کا حصول، گھر واپسی اور ناشتہ / کہیں آنے جانے

کا موزوں وقت، فیصلے اور احکامات جاری کرنے کا وقت، نمازِ ظہر، قیلولہ، دوپہر کا کھانا، نمازِ عصر، نمازِ عصر کے بعد، نمازِ مغرب، گھریلو مصروفیات، شام کا کھانا/ نمازِ عشاء، عشاء کے بعد[6] کے ذیلی عنوانات میں تقسیم کیا ہے۔

ہر سبق میں ذیلی عنوانات کے تحت احوال وواقعات کی تفاصیل بیان کی ہیں، لیکن جو واقعات محتاجِ تفصیل نہیں ہیں، ان کو اہم واقعات کے عنوان سے ترتیب وار اس طرح بیان کیا کہ کسی تفصیل یا اجمال کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ مثال کے طور پر سبق نمبر چار (4) "ہجرت کا چوتھا سال" میں تمام ذیلی عنوانات پر تفصیلی گفت گو کے بعد اہم واقعات کی سرخی دے کر بیان کیا۔ ان واقعات میں انصار کا بنو نضیر کے اموالِ غنیمت مہاجرین کو ہبہ کرنا، نواسہ رسول حضرت عبداللہ بن عثمان غنی کی وفات، ام المومنین حجرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کی وفات، ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح، احوالِ وفات والدہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ، پیدائشِ حضرت حسین رضی اللہ عنہ، یہودی عورت کی سنگ ساری اور طعمہ بن ابیرق[7] کا واقعہ شامل ہیں۔ اسی طرح سبق نمبر انیس (19) میں 8 ہجری کے متفرق واقعات[8] کا عنوان قائم کیا۔

## خلاصہ سبق

سیرت کورس میں ہر سبق کے شروع میں اس سبق کا خلاصہ بیان کیا گیا ہے۔ کورس کے تیس (30) اسباق جامع طور پر خلاصہ جات کی صورت میں سیرتِ طیبہ کا ایک اجمالی نقشہ سامنے لاتے ہیں۔ ہر خلاصہ میں سبق میں موجود چیزوں کو جامعیت واختصار کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر سبق نمبر اٹھائیس (28) "نبی کریم ﷺ کے یومیہ معمولات" کا خلاصہ حسبِ ذیل ہے:

> اس عنوان کے تحت آپ ﷺ کے وہ مبارک معمولات بیان کرنے مقصود ہیں، جو آپ کو شب وروز پیش آتے تھے۔ رہے وظائف واذکار تو وہ علیحدہ سے ایک باب میں دیے گئے ہیں۔ جہاں تک سال بعد روزوں، حج یا جہادی اسفار، اقدامات اور معمولات کا تذکرہ ہے، وہ اپنے اپنے مقام پر بیان ہو چکے ہیں۔ اس مقالے سے واضح ہو گا کہ آپ ﷺ کون سا کام کس وقت اور کتنے دورانیے میں کیا کرتے تھے اور آپ کی ترجیحات کیا تھیں۔ اس سلسلے میں آپ ﷺ کے افعال کے ساتھ ساتھ اقوال کو بھی پیشِ نظر رکھا گیا ہے، کیوں کہ آپ ﷺ اپنی تعلیمات پر سب سے بڑھ کر عمل پیرا ہونے والے تھے۔[9]

## جغرافیائی نقشہ جات

سیرت کورس میں طلبا وطالبات کی سہولت کے لیے ہر سبق کے ساتھ نقشے بھی دیے گئے ہیں۔ یہ نقشے مختلف قسم کے ہیں، جن میں دنیا کا نقشہ، مکہ ومدینہ کے قدیم وجدید مقامات کی تصاویر وغیرہ شامل ہیں۔ کسی مقام پر مجموعی پر دنیا کے نقشے میں عرب کی صورت حال کا اندازہ لگانے کے لیے نقشہ دیا گیا ہے اور کسی جگہ ملکوں وقبائل کے نام دے کر کسی منظر نامے کو سمجھانے کی سعی کی گئی ہے۔[10] جیسا کہ نصیبین اور وادی نخلہ کا فاصلہ[11] اور اسراء کے زمینی سفر[12] کو نقشے کے ذریعے سمجھایا گیا ہے۔ کسی جگہ مناسکِ حج کو نقشے کی شکل میں سمجھایا گیا ہے۔[13] بعض جگہ کسی واقعے کو بیان کرتے ہوئے، اس کی موجودہ جائے وقوعہ دکھائی گئی ہے۔ جیسے قریش کو دعوت دینے والے پہاڑ کی تصویر دی گئی ہے۔[14] اسی طرح شعبِ ابی طالب کا موجودہ فضائی منظر[15] اور بیتِ ابوایوب انصاری[16] دکھایا گیا ہے۔ بعض جگہ کسی واقعہ کو بیان کرتے وقت اس کا حقیقی منظر نامہ فرضی نقشے کے ذریعے دکھایا گیا ہے۔ جیسے دارالندوہ کو دکھایا گیا ہے۔[17] بعض مقامات پر آپ ﷺ کے دعوتی خطوط کی تصاویر دی گئی ہیں۔ جیسا کہ نجاشی شاہِ حبشہ کا خط[18]، مقوقسِ مصر اور والئ بحرین کے خطوط۔[19] سیرت کورس کی ان نقشوں سے تزئین قارئین کے لیے دل چسپی کی حامل ہونے کے ساتھ ساتھ سیرتی واقعات کی تفہیم میں مدد ومعاون بھی ہے۔

## تشریحی نکات

سیرت کورس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں سیرت و قائع کو بیان کرتے ہوئے، بہ وقتِ ضرورت تشریحی نکات بھی دیے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر اسفارِ ہجرت بیان کرتے وقت اسباب ہجرت حبشہ اور وجہ انتخابِ حبشہ بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ہجرت کا مفہوم بیان کیا گیا ہے۔ چناں چہ لکھتے ہیں:

> ہجرت کا لفظی مطلب ہے۔ چھوڑ دینا اور ترک کر دینا۔ اصطلاحی طور پر دین پر عمل پیرا ہونے اور اسے دینے کے لیے کسی علاقے کو چھوڑ دینا ہجرت کہلاتا ہے۔ علماء نے ہجرت کی دو صورتیں بیان کی ہیں: ہجرت ارضی اور ہجرت مرضی، یعنی ترکِ وطن اور اپنی مرضی اور خواہش کو چھوڑنا۔[20]

اسی طرح غزوہ و سریہ کا فرق[21]، معجزاتِ نبی اکرم ﷺ کے باب میں دو صفحات پر معجزہ کی تعریف، اقسام اور دیگر فوائد کا بیان[22]، سبق نمبر چودہ (14) میں اہم واقعات کے تحت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی والدہ محترمہ وفات بیان کرتے وقت ان پانچ خوش نصیب میتوں کا ذکر کیا، جن کی قبور میں آں حضرت ﷺ اترے۔[23] ان نکات کا فائدہ یہ ہے کہ قارئین و طلبا و طالبات کو مختلف اصطلاحات، ضروری فضائل، اہم نکات اور دیگر متعلقہ چیزیں پڑھنے کو مل جاتی ہیں۔ یوں یہ کتاب سیرتی واقعات کے ساتھ ساتھ سیرت سے متعلقہ اہم امور کو بھی یک جا کرتی ہے۔

## سیرت بہ زبانِ قرآن

سیرت کورس کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس کتاب میں محض کتبِ سیرت سے واقعات نقل نہیں کیے، بل کہ جہاں جہاں قرآن مجید نے سیرت کو بیان کیا، وہاں مصنف نے سیرتی واقعات کو بہ زبانِ قرآن بیان کیا گیا ہے۔ مثلاً سفر معراج کے لیے قرآن مجید کی آیت کو تائید کے طور پر ذکر کیا۔[24] سفر ہجرت کے موقع پر مہاجرین کے مختلف احوال کو قرآنی تائیدات کے ساتھ باحوالہ بیان کیا۔[25] تحویلِ قبلہ کے بیش تر واقعات کو قرآنی آیات کے حوالوں سے مزین کیا۔[26] غزوہ بنو نضیر کے قصہ میں متعلقہ واقعات کو قرآنی آیات کے شانِ نزول کے طور پر بیان کیا گیا۔[27] اسی طرح شراب کی حرمت کے تمام مراحل کو قرآنی آیات کی مدد سے مرحلہ وار بیان کیا۔[28]

## آزمائشی مشقیں

سیرت کورس کی ایک خاصیت یہ بھی ہے کہ عین تدریسی کتاب کے مطابق ہر سبق کے آخر میں آزمائشی مشق دی گئی ہے۔ تیس (30) اسباق کے آخر میں تیس (30) مشقیں دی گئی ہیں۔ ہر مشق میں چھ (6) مختصر سوالات اور اتنے ہی کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ مختصر سوالات کے نیچے دو سطریں جواب کے لیے چھوڑی گئی ہیں۔ یوں تیس (30) اسباق کے ساتھ ایک صد اسّی (180) مختصر اور کثیر الانتخابی سوالات موجود ہیں۔ اس آزمائشی مشق کی مدد سے سورت کورس پڑھنے والے طلبا و طالبات بہ آسانی اپنے حافظے کا امتحان لے سکتے ہیں۔

## خلاصہ سیرت کورس

خلاصہ سیرت کورس ایک نشست، ایک جھلک مفتی مصطفیٰ عزیز کی جانب سے سیرت کورس کی جامع تلخیص ہے۔ یہ کتابچہ چالیس (40) صفحات پر مشتمل ہے، جن میں چھبیس (26) صفحات پر مفصل کتاب سیرت کورس کا جامع خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔ بقیہ صفحات پر فہرست، چنیدہ نقشہ جات، حواشی کتاب اور سیرت کورس کی خصوصیات وغیرہ پر مشتمل ہے۔ اس کتابچے میں مختصر اًحیاتِ

طیبہ ﷺ کی طائرانہ جھلک پیش کی گئی ہے۔ کتابچے کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں سیرت النبی ﷺ پر ایک نظر، حلیہ مبارک، ولادت باسعادت، ملک شام کا سفر اور بحیرہ راہب سے ملاقات، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح اور اولاد، نبوت، تبلیغ کی ابتدا اور مشکلات، نبوت کا پانچواں سال، چھٹا سال اور ساتواں سال شامل ہے۔ دوسرا حصہ ہجرت کا پہلا سال، دوسرا سال، تیسرا سال چوتھا سال، پانچواں سال، چھٹا سال، ساتواں سال، آٹھواں سال، نواں سال، دسواں سال اور حیاتِ طیبہ کے آخری لمحات پر مشتمل ہے۔ تیسرا حصہ اشیاء الرسول اور ان کے اسماء کے عنوان سے معنون ہے، جس میں آپ ﷺ کے غلام، باندیاں، خدام النبی ﷺ، شاہانِ ممالک کے لیے آپ ﷺ کے سفراء، کاتبینِ وحی رسالت ﷺ، جن کو خصوصیت حاصل تھی، ازواجِ مطہرات اور سیرت کورس کا تعارف کے موضوعات شامل ہیں۔[29]

اس کتابچے کی حیثیت سیرت کورس کے لیے ایک امدادی کتابچے کی سی ہے۔ اس کتابچے کی مدد قارئین بہ آسانی سیرت طیبہ ﷺ سے مختصر دورانیے میں آشنا ہو سکتے ہیں۔ کتابچے میں جدید تعلیم یافتہ طبقے کی سہولت کے تمام موضوعات کا انگریزی ترجمہ بھی ساتھ کر دیا گیا ہے۔ کتاب کی طباعت سیرت کورس کی طرح نہایت عمدہ ہے۔ کتابچہ اس انداز سے ترتیب دیا گیا ہے کہ اسے پڑھ کر سیرت کورس پڑھنے کی دل چسپی پیدا ہوتی ہے۔ چند مقامات پر اقتباسات اور اشعار وغیرہ پیش کیے گئے ہیں، وگرنہ عمومی طرز خلاصے کی صورت میں واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ مذکورہ بالا عنوانات کے ساتھ اہم واقعات کو ذیلی عناوین کے ساتھ بھی بیان کیا گیا ہے۔ سیرتی احوال وو قائع کو اولین اور مستند مصادر سے بیان کیا ہے۔ اشیاء الرسول میں آپ ﷺ کے زیر استعمال چیزوں کی منتخب تصاویر بھی دی گئی ہیں۔ غرض یہ کہ خلاصہ سیرت کورس میں سیرت النبی ﷺ کی ایک ہی نشست میں ایک جھلک پیش کی گئی ہے۔

## سیرت کورس سوالاً جواباً

سیرت کورس سوالاً جواباً سیرت کورس کا امدادی کتابچہ ہے۔ اس میں سوال وجواب کی صورت میں سیرت کو ئز ترتیب دیے گئے ہیں۔ یہ بیس(20) صفحات پر مشتمل ہے۔ سرورق پر حیاتِ طیبہ ﷺ کی تقسیم کی گئی ہے۔ ابتدائی طور پر حیاتِ طیبہ ﷺ کو تین حصوں بعثت سے پہلے، مکی دور اور مدنی دور میں تقسیم کیا ہے۔ بعثت سے پہلے دور کو 1 سے 12 سال بچپن مبارک، 12 سے 25 سال نوجوانی مبارک اور 25 سے 40 جوانی مبارک کے تین ادوار میں تقسیم کیا۔ مکی دور کو 1 سے 3 سال خاموش دعوت وتبلیغ، 3 سے 10 سال اعلانیہ دعوت وتبلیغ اور 10 سے 13 سال بیرون دعوت وتبلیغ کے زمانوں میں تقسیم کیا۔ مدنی دور کو 1 سے 6 سال مشکلات کے دور، 6 سے 8 سال صلح وخطوط اور 8 سے 10 سال فتوحات اور وفود کے سالوں میں تقسیم کیا۔[30]

سیرت کورس سوالاً جواباً میں مجموعی طور پر ننانوے(99) مختصر سوالات وجوابات کو دس(10) کوئز میں ترتیب دیا ہے۔ ہر کوئز نو(9) سوالات پر مشتمل ہے۔ ان سوالات میں سیرت کورس کے تمام موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس کورس کا فائدہ یہ ہے کہ سیرت کورس پڑھنے والوں کے لیے امتحانات کے نقطہ نظر سے کتاب کی تیاری میں سہولت ہوتی ہے۔ سوالات کا انتخاب انتہائی سوچ سمجھ کر کیا گیا ہے، جو ابتدا سے انتہا تک حیاتِ طیبہ ﷺ کے تقریباً تمام گوشوں پر مشتمل ہے۔

## سلائیڈز

سیرت کورس کو سلائیڈز میں بھی ترتیب دیا گیا ہے۔ سلائیڈز کی ابتدا میں کورس کے متعلق انتظامی ہدایات دی گئی ہیں۔ عوامی مقامات، مدارس، کالجز، یونیورسٹیز اور اسکولز کے طلبہ کے لیے الگ الگ ہدایات دی گئی ہیں۔ سیرت کورس کے اسباق کی تیاری کے لیے ہر سطح کے طلبہ کے لیے متعدد طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ ان سلائیڈز سے طالبانِ سیرت طلبہ اور عوام الناس کو بہ آسانی پروجیکٹر پر اہم

نکات کی مدد سے سیرت طیبہ ﷺ کے نصاب کی پریزنٹیشن دی جاسکتی ہے۔ ان سلائیڈز میں چیدہ چیدہ نکات میں واقعاتِ سیرت کو سمویا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی جغرافیائی نقشوں کی مدد سے مقامات کی تفہیم کو آسان بنایا گیا ہے۔ غرض یہ کہ سیرت کورس کتاب کے قریب تمام اسباق کو نکات کی صورت میں ان سلائیڈز میں بیان کیا گیا ہے، جن کی مدد سے سامعین کو سیرتی واقعات کی تفہیم میں دشواری پیش آنے کے امکانات قابلِ ذکر حد تک کم ہو سکتے ہیں۔

## ایپلی کیشن اور ایل ایم ایس

سیرت کورس کتاب کی افادیتِ عامہ کے لیے ایپلی کیشن بھی بنائی گئی ہے، جو اینڈرائیڈ اور ویب دونوں پر میسر ہے۔[31] اس ایپ پر مکمل سورت کورس اسباق کی کتابی تقسیم کے ساتھ موجود ہے۔ یہ ہزاروں افراد کے لیے فائدہ مند ثابت ہو رہی ہے۔ اس کے ساتھ آفیشل ویب سائٹ کے ذریعے لرننگ مینجمنٹ سسٹم (LMS) بھی متعارف کرایا گیا ہے[32]، جس سے کوئی بھی شخص اپنی سہولت کے مطابق مواد سن سکتا ہے۔ کورس مکمل کرنے پر ادارے کی جانب سے سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا جاتا ہے۔ یہ سہولیات بالخصوص جدید تعلیم یافتہ سیرتِ طیبہ کے پیغام کو مؤثر انداز میں پھیلانے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ اس کی مدد سے کسی بھی سطح پر تشنگانِ سیرت بآسانی اپنے روز مرّہ کے امور سے حسبِ وسعت وقت نکال کر سیرت کے مطالعہ سے گزر سکتے ہیں۔

## حاصلِ بحث

مفتی مصطفیٰ عزیز کی مرتب کردہ کتاب "سیرت کورس" سیرتِ طیبہ ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر مشتمل ایک جامع نصاب ہے، جسے 30 اسباق میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یہ نصاب سیرتِ نبوی کے مطالعے کو آسان اور مؤثر بنانے کے لیے تدریسی اور انتظامی ہدایات کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے۔ کورس میں ہر سبق کا خلاصہ، موضوعاتی تقسیم، اور تشریحی نکات شامل ہیں، تاکہ قارئین کو سیرت کے اہم مضامین کو بہتر انداز میں سمجھنے میں مدد ملے۔ کورس میں سیرت النبی ﷺ کے دینی فوائد، معمولاتِ زندگی، غزوات، معجزات، اور روزمرہ کی عادات جیسے موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ قرآنی حوالوں سے سیرتی واقعات کو مستند انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ طلبہ کی سہولت کے لیے جغرافیائی نقشے، آزمائشی مشقیں، اور تدریسی مواد شامل ہیں۔

کورس کے ساتھ دو امدادی کتابچے بھی ترتیب دیے گئے ہیں۔ "خلاصہ سیرت کورس" چالیس صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ سیرتِ طیبہ کا اجمالی جائزہ پیش کرتا ہے۔ "سیرت کورس سوالاً جواباً" سیرت کے مختلف ادوار کو کوئز کی صورت میں ترتیب دیا گیا ہے، جس سے طلبہ امتحانات کی تیاری میں آسانی محسوس کرتے ہیں۔ نیز کورس کے ساتھ نقشوں اور اہم نکات سے مزین سلائیڈز بھی ترتیب دی گئیں ہیں، جن کی مدد سے پروجیکٹر پر بہ آسانی پر تشنگانِ سیرت کو پریزنٹیشن دی جاسکتی ہے۔ علاوہ ازیں کورس کی افادیت کو عام اور آسان کرنے کے لیے موبائل اور ویب پر ایپلی کیشن اور ویب سائٹ پر لرننگ منیجمنٹ سسٹم بھی متعارف کروایا گیا ہے، جس کی مدد سے گھر بیٹھے سرٹیفکیٹ کورس کی صورت میں سیرت طیبہ ﷺ سے آگہی حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کی اہم خصوصیات میں سیرت کو قرآن کی روشنی میں پیش کرنا، تدریسی ہدایات فراہم کرنا، اور سیرت سے متعلقہ معلومات کو مختصر اور جامع انداز میں بیان کرنا شامل ہیں۔ یہ کورس تعلیمی اداروں کے نصاب میں شامل ہو چکا ہے اور اس کا ترجمہ مختلف زبانوں میں کیا جاچکا ہے، جس سے یہ عالمی سطح پر مقبول ہو رہا ہے۔

---

## حوالہ جات وحواشی

1 یہ معلومات راقم نے مفتی مصطفیٰ عزیز سے بہ ذریعہ انٹرویولیں۔
2 ایضاً۔
3 یہ معلومات راقم نے ادارے کے آفیشل پیجز سے لی۔
4 مصطفیٰ عزیز، مفتی، **سیرت کورس**، (فیصل آباد: سیرۃ انسٹی ٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر، ستمبر 2023ء)، ص4،3۔
5 ایضاً، ص6-25۔
6 ایضاً، ص24۔
7 ایضاً، ص325۔
8 ایضاً، ص433۔
9 ایضاً، ص637۔
10 ایضاً، ص87۔
11 ایضاً، ص200۔
12 ایضاً، ص203۔
13 ایضاً، ص89۔
14 ایضاً، ص113۔
15 ایضاً، ص157۔
16 ایضاً، ص238۔
17 ایضاً، ص221۔
18 ایضاً، ص373۔
19 ایضاً، ص375۔
20 ایضاً، ص139۔
21 ایضاً، ص253۔
22 ایضاً، ص498۔
23 ایضاً، ص325۔
24 ایضاً، ص188۔
25 ایضاً، ص141۔
26 ایضاً، ص242۔
27 ایضاً، ص319۔
28 ایضاً، ص321۔
29 مصطفیٰ عزیز، مفتی، **خلاصہ سیرت کورس**، (فیصل آباد: سیرۃ انسٹی ٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر، سن ندارد)، ص3 تا5۔
30 مصطفیٰ عزیز، مفتی، **سیرت کورس سوالاً جواباً**، (فیصل آباد: سیرۃ انسٹی ٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر، ستمبر 2023ء)، ص45۔
31 https://play.google.com/store/apps/details?id=com.seeraht&pli=1.
32 https://seeraht.com/register.